# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 24 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۴/اگست ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10/بجے

***** ***** *****

### سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ نیپال میں مسافر بس کے گہری وادی میں گرنے سے جلگاؤں کے 27/عقیدت مندوں کی موت

☆ ممبئی عدالتِ عالیہ کے فیصلے کے بعد مہا وِکاس آگھاڑی کا آج کا مہاراشٹر بند لیا گیا واپس

☆ حمل کے جنس کی غیر قانونی طور پر شناخت کرنے کے معاملے میں ڈاکٹر دلیپ سنگھ راجپوت کو 29/اگست تک پولس تحویل

☆ دھاراشیو- تُلجاپور ریلوے راستے کے کام ہوگا آئندہ یکم ستمبر سے آغاز

اور

☆ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں مختلف پروگرامس کے ذریعے منایا گیا 66/واں یومِ تاسیس

### اب خبریں تفصیل سے...

نیپال میں ایک مسافر بس گہری وادی میں گرنے کے سبب جلگاؤں کے 27/عقیدت مند ہلاک اور 16/زخمی ہوگئے۔ 43/عقیدت مندوں کو لے کر پوکھر سے کاٹھمانڈو جانے والی یہ بس ماس یانگڑی ندی میں گر گئی۔ اِس بس میں سوار تمام عقیدت مند جلگاؤں ضلع کے بھساول تعلقے کے رہائشی تھے۔ زخمیوں کو کاٹھمانڈو کے اسپتال میں علاج کے لیے داخل کیا گیا ہے جبکہ حادثے میں ہلاک عقیدتمندوں کا جسدخاکی خصوصی طیارے سے آج شام ناسک لایا جائے گا اور وارثوں کے حوالے کیا جائے گا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مرکزی وزارت دِفاع کی مملکتی وزیر رکشہ کھڈسے اور بھُساول کے رکن اسمبلی سنجئے ساوکارے کاٹھمانڈو کے لیے روانہ ہوگئے ہیں۔

اِس بھیانک حادثے پر صدر جمہوریہ دروپدی مُرموٗ وزیراعظم نریندر مودی اور وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

وزیراعظم نریندر مودی آئندہ اتوار کو جلگاؤں کا دورہ کریں گے۔ اِس دوران اُن کے ہاتھوں 11/لاکھ لکھپتی دیدیوں میں صداقت نامے تقسیم کیے جائیں گے۔ سال بھر میں ایک لاکھ سے زائد آمدنی حاصل کرنے والی لکھپتی دیدیوں سے وزیراعظم بات چیت کریں گے۔ ساتھ ہی وہ ریاست کے اپنی مدد آپ گروپوں کے لیے ڈھائی ہزار کروڑ روپیوں کا فنڈ اور 5/ہزار کروڑ روپیوں کا بینک قرض جاری کریں گے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے بدلاپور میں پیش آئے عصمت ریزی کے واقعے کو بدقسمتی بتاتے ہوئے کہا کہ اُن کی حکومت اِس معاملے میں ملزم کے لیے پھانسی کی سزا کا مطالبہ کرے گی۔ ناسک میں کل خواتین کو بااختیار بنانے کی مہم کے تحت ایک میگا کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اِس موقعے پر وزیراعلیٰ بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ لاڈلی بہن کے ساتھ ساتھ اب محفوظ بہن اسکیم پر بھی عمل درآمد کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے بدلاپور عصمت ریزی معاملے پر حزب اختلاف کی جانب سے سیاست کیے جانے کا الزام عائد کیا۔

اِس موقعے پر وزیراعلیٰ نے میری لاڈلی بہن اسکیم کو عوام کی جانب سے مل رہی پذیرائی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انھوں نے بتایا کہ 31/اگست 2024ء کے بعد بھی لاڈلی بہن اسکیم کے لیے درخواست دہی کی جاسکے گی۔ شندے نے کہا کہ اہل خواتین کے کھاتوں میں 3/مہینوں کی یکمشت رقم جمع کی جائے گی۔ انھوں نے بتایا کہ جن خواتین کو اب تک یہ رقم نہیں مل سکی ہے اُن کی جانب سے داخل درخواست کی خامیوں کو دور کرنے کے بعد انہیں بھی یہ مدد فراہم کی جائے گی۔ اِس پروگرام میں نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس ' صنعت وحرفت کے وزیر اُدئے سامنت اور ناسک ضلع کے رابطہ وزیر دادا بھُسے موجود تھے۔

***** **** *****

بدلاپور عصمت ریزی معاملے کی مذمت کے لیے مہا وِکاس آگھاڑی کی جانب سے آج پکارا گیا مہاراشٹر بند واپس لے لیا گیا ہے۔ ممبئی عدالتِ عالیہ کی جانب سے یہ فیصلہ سامنے آیا کہ اِس طرح کے بند کا اعلان غیر قانونی ہے جس کے بعد اِس بند کو واپس لیے جانے کا فیصلہ کیا گیا۔ عدالت نے کہا کہ کسی بھی جماعت کو اِس طرح کے بند کے اعلان کا حق نہیں ہے۔ مہا وکاس آگھاڑی کی جانب سے بند کے اعلان کے بعد گُن رتن سدا ورتے نامی وکیل نے اِس کے خلاف عدالت میں درخواست دائر کی تھی جس پر عدالت نے فوری سماعت کی اور یہ فیصلہ دیا۔

***** **** *****

اِس تناظر میں راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کے صدر شرد پوار نے مہاراشٹر بند واپس لینے کی اپیل کی۔ انھوں نے کہا کہ اِس بند کے ذریعے ہم حکومت کو اِس معاملے کی جانب متوجہ کرنا چاہ رہے تھے۔ انھوں نے سماجی رابطے کی سائٹ پر جاری اپنے پیغام میں کہا کہ یہ بند دستور کی جانب سے دیے گئے بنیادی حقوق کے دائرے میں تھا۔

اِسی بیچ کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کہا کہ عدالت کے احترام میں ہم نے بند واپس لیا ہے۔ تاہم بدلاپور معاملے کی مذمت کی جائے گی۔ انھوں نے بتایا کہ آج صبح 11/تا 12/بجے کے دوران کانگریس کے تمام قائدین اور کارکنان منہ پر کالی پٹیاں باندھ کر ریاست کے ہر ضلعے میں مہایوتی حکومت کو کالے جھنڈے دکھائیں گے۔

***** **** *****

دریں اثناء وزیراعلیٰ شندے نے بتایا کہ بدلاپور عصمت ریزی معاملے میں عدالت کے فیصلے کا احترام کرتے ہوئے کارروائی کی جائے گی۔ بدلاپور کے جس اسکول میں یہ واقعہ پیش آیا ہے اُس کے بوڈ رآف ڈائریکٹرس کو حکومت نے برخاست کردیا ہے اور اُس اسکول پر ایڈمنسٹریٹر کی نامزدگی عمل میں آئی ہے۔ ضلع کے نائب تعلیمی افسر گُند اپنڈت نے اسکول کا انتظام اب اپنے ہاتھوں میں لے لیا ہے۔

***** **** *****

مہاراشٹر نونِرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے نے ایوت محل کے ونی اسمبلی حلقے کے لیے راجو اُمبرکر کی امیدواری کا اعلان کیا ہے۔ موصوف وِدربھ ڈویژن کے اضلاع میں پارٹی کی تنظیمی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔

***** ***** *****

# یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

حمل کے جنس کی غیر قانونی طور پر شناخت کرنے کے معاملے میں گزشتہ دیڑھ مہینوں سے فراہم اہم ملزم ڈاکٹر دلیپ راجپوت کو عدالت نے 29/اگست تک پولس تحویل میں بھیج دیا ہے۔ جالنہ کے مقامی CID دستے نے کل اُسے جلگاؤں ضلع کے پلس کھیڑا مراچے سے گرفتار کیا۔ گزشتہ مہینے محکمہ صحت اور پولس انتظامیہ نے راجپوت کی جانب سے بھوکردن میں چلائے جانے والے حمل کی جنس کی شناخت کے غیر قانونی مرکز پر کارروائی کی اور سونوگرفی مشین سمیت نقد رقم اور حمل ساقط کرنے کی گولیوں کا ذخیرہ ضبط کیا تھا۔

***** ***** *****

دھاراشیو۔ تُلجاپور ریلوے راستے کا کام آئندہ یکم ستمبر سے شروع ہونے جارہا ہے۔ رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے یہ اطلاع دی۔ اِس ریلوے راستے کے کام کے جائزہ کے لیے منعقدہ میٹنگ میں ضلع کلکٹر سچن اومباسے کی موجودگی میں یہ اطلاع دی گئی۔

دھاراشیو۔ تُلجاپور 41.4/کلومیٹر طویل اِس ریلوے راستے کے کام کا 487/کروڑ روپیوں کا ٹینڈر فائنل کر کے گُتے دار نامزد کر دیا گیا ہے اور یکم ستمبر سے کام شروع کرنے کے احکامات دیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میں واقع ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا کل یومِ تاسیس منایا گیا۔ اِس موقع پر ممبئی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر رویندر کلکرنی مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے۔ انھوں نے کہا کہ طلباء کی شخصیت کے مکمل ارتقاء اور اُن میں موجود فن ' ہنرمندی کے فروغ کے لیے قومی تعلیمی پالیسی اہم کردار ادا کرے گی۔ ڈاکٹر کلکرنی نے کہا کہ تعلیمی شعبے میں ہونے والی اِس تبدیلی کے لیے اساتذہ اور پروفیسر صاحبان تیار رہیں۔ اِس تقریب میں لوک فن کار پانڈورنگ کھوٹکر کو لائف ٹائم اچیومنٹ انعام سے نوازا گیا۔ ساتھ ہی اِس موقع پر ہونہار طلباء اور ملازمین کی عزت افزائی بھی کی گئی۔

***** ***** *****

کرکٹ کھلاڑی شیکھر دھون نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ آج صبح ٹوئیٹر پر جاری ایک آڈیو پیغام میں انھوں نے تمام طرح کی بین الاقوامی اور گھریلو کرکٹ سے سبک دوشی کا اعلان کیا۔ اپنے 14/سالہ کریئر میں دھون نے ٹیسٹ' ون ڈے اور T-20/ میں کُل 269/میچیس کھیلے۔ 24/سنچریاں اور 55/نصف سنچریاں بنائیں۔ اُنہیں ارجن ایوارڈ سمیت مختلف اعزازات سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت دسویں اور بارہویں جماعت کے سپلیمنٹری امتحانات کے نتائج کل آن لائن طریقے سے ظاہر کردیئے گئے۔ اِن نتائج کے مطابق امتحانات میں شریک دسویں کے 36.78 / فیصد طلباء اور بارہویں کے 32.43 / فیصد طلباء نے کامیابی حاصل کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے پرلی ویجناتھ میں جاری ریاست گیر زرعی میلے کو کسانوں کی جانب سے خوب پذیرائی مل رہی ہے۔ اِس موقع پر زرعی پیداوار سے متعلق مختلف موضوعات پر مبنی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے ضلع میں وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت موصول ہونے والی درخواستوں میں خامیاں دور کرکے دوبارہ ضلع سطح کی کمیٹی کے حوالے کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل سرکاری اسکیمات پر عمل درآمد کے جائزے کے لیے منعقدہ میٹنگ میں بول رہی تھیں۔ انھوں نے اہل خواتین سے پورٹل پر درخواست دینے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

## آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے...

☆ نیپال میں مسافر بس کے گہری وادی میں گرنے سے جلگاؤں کے 27 / عقیدت مندوں کی موت

☆ ممبئی عدالتِ عالیہ کے فیصلے کے بعد مہاوِکاس آگھاڑی کا آج کا مہاراشٹر بند لیا گیا واپس

☆ حمل کے جنس کی غیر قانونی طور پر شناخت کرنے کے معاملے میں ڈاکٹر دلیپ سنگھ راجپوت کو 29 / اگست تک پولس تحویل

☆ دھاراشیو۔ تُلجاپور ریلوے راستے کا کام ہوگا آئندہ یکم ستمبر سے آغاز

اور

☆ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں مختلف پروگرامس کے ذریعے منایا گیا 66 / واں یومِ تاسیس

## علاقائی خبریں ختم ہوئیں

**آپ یہ خبر نامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں۔**

☆☆☆☆